Dine Hill
The Best Multicuisine Restaurant In Hyderabad
Indo-Arab Restaurant
Grill Chicken
Texas Chicken
Arabic Tandoori
Khabsa
Laham Mandhi
Indian the Authentic
Chinese Across the Wall
Tandoori From Coal
Arabic Our Speciality
For Catering - 9290679696
Your Valued Order Just A Call Away
Garden Tower, Tring Tring : 64505485-65579221
At One Downing Street, Masab Tank, Road No. 1. ☎ :64609221

روزنامہ
بے زبانوں کی زبان
صدائے حسینی
حیدرآباد
Sada-E-Hussaini
URDU DAILY

AZ CATERING
WEDDING
ANNIVERSARIES
BIRTHDAYS
SOCIAL EVENTS
MEETINGS
DECCAN, CHINESE, MOGHLAI
Syed Mohd. Qayyam
86869 89319

جلد (15) شمارہ (309) صفحات (8) 17/نومبر 2023 2/جمادی الاوّل 1445ھ جمعہ Friday 17-11-2023 قیمت : 1 Price Rs. 1 /- (Rs. 5 with DN English Daily)

عوام کی کامیابی ہی حقیقی جمہوریت: کے سی آر

حیدرآباد۔ 16/نومبر (سفیر نیوز) چیف منسٹر کے چندر شیکھر رانے کہا کہ عوام کی کامیابی ہی حقیقی جمہوریت ہے۔ آج عادل آباد میں منعقدہ پارٹی کے انتخابی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام کو پارٹیوں کی کارکردگی کو نظر میں رکھتے ہوئے ووٹ ڈالنا چاہئے۔ کے سی آر نے کہا کہ حلقہ اسمبلی عادل آباد شہری اور دیہی آبادی کا حسن امتزاج ہے۔ یہاں کے عوام باشعور ہیں۔ میری عوام سے ایک ہی خواہش ہے۔ صرف نعروں اور جذباتی تقاریر کو اپنے ووٹ کا حقدار مت بنائیں۔ حالت حاضرہ پر غور کریں، ملک اور ریاست کی صورتحال کا جائزہ لیں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ ملک کو آزاد ہوئے 75 برس گزر جانے کے بعد بھی ملک میں حقیقی جمہوریت نہیں ہے۔ جہاں جہاں جمہوریت کو فروغ حاصل ہوا وہ ممالک خوب ترقی کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات آتے رہتے ہیں۔ انتخابات کا سامنا کرنے کیلئے عوام کے پاس ووٹ، موثر ہتھیار کی شکل میں موجود ہے۔ اس ہتھیار کا انتہائی احتیاط سے استعمال کرنا چاہئے۔ اگر تھوڑی سی بھی لاپرواہی کی گئی تو سب گڑبڑ ہو جائیگی۔ اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ ووٹ کے ذریعہ نئی تاریخ رقم کی جاسکتی ہے۔ آنے والی نسلوں کا مستقبل روشن کیا جاسکتا ہے۔ اسلئے اپنے امیدواروں کی قابلیت، انکے جذبہ خدمت، وابستہ پارٹی کے نظریات، افکار، کارکردگی اور منصوبوں کا جائزہ لیں۔ اپنے اور اپنی نسلوں کے مفادات کی تکمیل کی صلاحیت رکھنے والے قائدین کا انتخاب کریں۔ اس غور وفکر کے بعد ووٹ کے استعمال سے عوام کی کامیابی ہوگی اور عوام کی کامیابی ہی حقیقی جمہوریت ہے کے سی آر نے کہا کہ بی آر ایس کی تاریخ آپکے سامنے ہے۔ اس پارٹی کا قیام یہاں کے عوام کی خواہشات، امنگوں کی تکمیل ناانصافیوں اور محرومیوں کا خاتمہ کرنا ہے۔ ہم بے شمار قربانیاں دیتے ہوئے خوابوں کی ریاست تلنگانہ حاصل کیا۔ تحریک تلنگانہ کے واقعات، عوام کے نظروں کے سامنے گزرتے ہیں۔ آپ لوگوں کی تائید وحمایت سے گزشتہ 10 برسوں سے بی آر ایس کی حکومت جاری ہے۔ قیام تلنگانہ کے وقت بہت سارے مسائل اور چالنجس کا سامنا تھا۔ زراعت کیلئے پانی، برقی، کسانوں کی خوشحالی، تاسندوں اور بافندوں کے مسائل، ان طبقات میں روزمرہ خودکشی کے واقعات ہمارے لئے چالنج تھے۔ ہم نے حالات کا جائزہ لیات منصوبہ تیار کیا اور ایک کے بعد دیگران مسائل پر قابو پائے ہوئے ترقی کی سمت گامزن رہے۔ تشکیل تلنگانہ کے بعد سب سے پہلے غریب عوام کی فلاح وبہبود اور ان کے معیار زندگی میں تبدیلی لانے کیلئے اقدامات کئے گئے۔ پنشن کی رقومات میں صد فیصد اضافہ کیا گیا۔ شادی مبارک اور کلیان لکشمی جیسی اسکیمات رائج کی گئیں۔ کسانوں کیلئے ملک بھر میں اپنی نوعیت کی پہلی اور اختراعی اسکیم رعیتو بندھو اور رعیتو بیمہ متعارف کی گئی۔ آبپاشی اور پینے کے پانی کا مسئلہ حل کیا گیا۔ برقی بحران پر قابو پالیا گیا۔ جس کی وجہ سے ریاست تلنگانہ ملک میں ایسی واحد ریاست ہے جہاں زراعت، صنعتوں اور گھریلو استعمال کیلئے مسلسل 24 گھنٹے برقی سربراہ کی جارہی ہے۔ ان تمام کارناموں اور کارکردگی کی وجہ سے آپکے ووٹ کی واحد حقدار جماعت بی آر ایس ہی ہے۔ اسلئے آپ لوگوں سے خواہش ہے کہ 30 نومبر کو رائے دہی کے دن، صرف بی آر ایس امیدواروں کے حق میں اپنے ووٹ کا استعمال کریں۔

اسرائیل کی غزہ میں مسجد پر بمباری، 50 نمازی شہید

غزہ۔ 16/نومبر (ایجنسی) اسرائیلی فضائیہ کی غزہ میں مسجد پر بمباری سے 50 نمازی شہید ہوگئے۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی طیاروں نے غزہ کے وسطی علاقے سبرا میں نمازیوں سے بھری مسجد کو نشانہ بنایا۔ اسرائیلی بمباری سے درجنوں نمازی زخمی بھی ہوئے۔ زخمیوں میں متعدد کی حالت تشویشناک ہے۔ دوسری جانب صیہونی فوج نے اردن کے فیلڈ اسپتال کو بھی نہیں چھوڑا۔ بمباری سے فیلڈ اسپتال کے 7 ارکان زخمی ہوگئے۔ غزہ پر اسرائیل کے حملوں کو 40 روز گزر چکے ہیں اور ان حملوں میں اب تک ساڑھے 11 ہزار فلسطینی شہید اور 25 ہزار سے زائد زخمی ہوچکے ہیں۔

عالمی برادری اسرائیل کو دہشت گرد ملک قرار دے

انقرہ۔ 16/نومبر (ایجنسی) ترک صدر طیب اردغان نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ غزہ میں بمباری بند نہ کرنے کی صورت میں اسرائیل کو ایک دہشت گرد ملک قرار دیا جائے۔ ترک میڈیا کے مطابق اراکینِ پارلیمنٹ سے خطاب میں صدر رجب طیب اردغان نے اسرائیل کو غزہ میں وحشیانہ بمباری کرنے پر کڑی تنقید کا نشانہ بنایا اور فلسطینیوں کی نسل کشی پر اسرائیل کو دہشت گرد ملک قرار دینے کا مطالبہ بھی کردیا۔ ترک صدر نے عالمی برادری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل غزہ میں اسپتالوں اور عبادت گاہوں کو تک کو نشانہ بنا رہا ہے۔ اسرائیل کی وحشیانہ بمباری میں 4 ہزار بچے بھی مارے گئے۔

الشفا اسپتال میں موجود اہم طبی آلات تباہ

غزہ۔16/نومبر (ایجنسی) اسرائیلی فوج نے غزہ شہر میں الشفا اسپتال میں موجود اہم تنصیبات اور طبی آلات کو دھماکے سے اڑا دیا۔ تاہم فوج کسی بھی مطلوب شخص کو تلاش کئے بغیر اسپتال سے نکل گئی۔ الشفا میڈیکل کمپلیکس پر دھاوا بولنے اور تلاشی لینے کے بعد اسرائیلی فوج اب غزہ پٹی کے سب سے بڑے اسپتال سے نکل کر پیچھے ہٹ گئی ہے۔ تاہم اسرائیلی فوج نے اسپتال کا محاصرہ جاری رکھا ہوا ہے۔ العربیہ کی رپورٹ کے مطابق اسپتال کے آس پاس تقریبا 15 ٹینک تھے جو کمپلیکس میں داخل ہونے کے بعد پیچھے ہٹ رہے تھے۔ فوج نے اس جگہ پر موجود سرجیکل عمارت کے تہہ خانے کو دھماکے سے اڑا دیا۔ ہسپتال سے واپسی سے قبل اسرائیلی فوج کے ایک سینئر اہلکار نے بدھ کے اوائل میں صحافیوں کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ اسرائیل کی فورسز کو ہسپتال کے اندر ایک مخصوص علاقے پر جاری چھاپے کے دوران حماس سے تعلق رکھنے والے ہتھیار اور انفراسٹرکچر ملا ہے۔ دوسری جانب حماس نے الشفا میں ہتھیاروں کی موجودگی کے اسرائیلی الزامات کی تردید کرتے ہوئے انہیں جھوٹ اور سستا پروپیگنڈہ قرار دے دیا۔ اسرائیل نے حماس کے افراد کے ہسپتالوں کے نیچے زیر زمین مقامات پر موجود ہونے کا الزام لگایا تھا۔ حماس نے اس کی تردید کردی اور کہا کہ اسرائیل ایسے الزامات جنگی جرائم کے ارتکاب کے جواز کے لیے لگا رہا ہے۔ واضح رہے الشفا کمپلیکس پر دھاوا بولنے اور اس کے کمروں اور تہہ خانے کی تلاشی لینے کے چند گھنٹے بعد بھی اسرائیلی فورسز کو ایسے کوئی اشارے نہیں ملے جو اس کے نیچے قیدیوں کی موجودگی یا حماس کے کمانڈ سینٹرز یا سرنگوں کی نشاندہی کرتے ہوں۔ حماس نے مزید کہا قابض اسرائیل جگہ جگہ ہتھیار رکھ رہا ہے اور ایک کمزور فسانہ بنا رہا ہے۔ اس طرح کے اقدامات کرکے وہ اب کسی کو دھوکہ نہیں دے سکتا۔ حماس نے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا ہے کہ اسرائیلی الزامات کی تحقیقات کرائی جائیں۔ دو ہفتے قبل بھی ہمارا مطالبہ تھا کہ اقوام متحدہ اور بین الاقوامی اداروں سے ہسپتالوں کے حالات کا جائزہ لینے کے لیے ایک بین الاقوامی کمیٹی تشکیل دی جائے۔ اسرائیلی بیانیہ کے جھوٹ کا تعین کریں کیونکہ ہم اسرائیل کے دھوکہ دہی سے واقف ہیں۔ اسرائیل حماس پر ہسپتالوں کے نیچے جگہوں پر تعینات ہونے کا الزام لگا رہا ہے جس کی حماس نے تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل "جنگی جرائم کے ارتکاب کے جواز کے لیے ایسے الزامات کا سہارا لے رہا ہے۔

مظلوم فلسطینیوں کیلئے دعا کرنے پر سخت کاروائی کی جائے گی

نئی دہلی۔ 16/نومبر (ایجنسی) ہندوتوا واچ کے مطابق زی نیوز میں شائع ہونے والی ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دہلی پولیس نے مسجد کے اماموں کو فلسطینیوں کے لیے دعا نہ کرنے کی ہدایت دی اور کہا کہ ایسا نہ کرنے کی صورت میں سخت کاروائی کی جائے گی۔ اس سلسلہ میں ایک اور میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس نے پرانی دہلی کی ایک مسجد کے امام پر فلسطین کیلئے دعا نہ کرنے کیلئے دباؤ ڈالا تھا۔ وہیں سینئر صحافی شمس تبریز قاسمی نے بتایا کہ انہوں نے دہلی کی متعدد مساجد کا دورہ کیا جبکہ پولیس کی جانب سے مساجد کو اسی طرح کے نوٹس جاری کئے گئے۔ اس معاملہ پر مسلم پرسنل لا بورڈ نے کہا کہ غزہ کے لئے دعا سے روکنے کا کسی کو اختیار نہیں ہے۔ انقلاب کی ایک رپورٹ میں بتایا گیا کہ دہلی پولیس نے فلسطین کے لئے دعائیں کرنے سے ائمہ حضرات کو روک دیا ہے۔ نمازوں اور خطبوں کے دورن غزہ میں اسرائیلی فورسیس کی جارحیت پر مشتمل موجودہ حالات کے حوالے سے فلسطین کا تذکرہ کرنے کے خلاف ائمہ کو مذکورہ پولیس نے وارننگ جاری کی ہے۔

دواخانہ پر حملہ، معصوم بچوں کا قتل کرتے ہوئے اسرائیلی فوج کامیابی کا دعویٰ کررہی ہے

اسامہ حمدان: "ہسپتالوں پر حملے، بیکریوں پر بمباری اور اہم تنصیبات کو تباہ کرنے کا مقصد ہمارے لوگوں کو ان کی سرزمین سے بے دخل کرنا ہے۔

چندریان 3 لانچ گاڑی کے کریو اسٹیج کا زمین میں بے قابو داخلہ

چینائی۔16/نومبر (ایجنسی) ہندوستانی خلائی تحقیقی تنظیم (اسرو) نے اعلان کیا ہے کہ ہندوستان کے تیسرے چاند مشن چندریان 3 کو مطلوبہ مدار میں داخل کرنے والا ایل وی ایم 3 ایم 4 لانچ وہیکل کا کریوجینک اپر اسٹیج (سی یو ایس) زمین کے ماحول میں بے قابو طریقے سے دوبارہ داخل ہوا۔ بتایا جاتا ہے کہ یہ چہارشنبہ کے روز تقریبا 1442 بجے یہ زمین کے ماحول میں بے قابو ہوکر دوبارہ داخل ہوا اور اس کا آخری زمینی راستہ ہندوستان کے اوپر سے نہیں گزرا۔ اسرو نے کہا ممکنہ نقطہ اثر کی پیش گوئی شمالی بحرالکاہل کے اوپر کی گئی ہے۔ آخری زمینی ٹریک ہندوستان کے اوپر سے نہیں گزرا۔ یہ راکٹ باڈی) این او آر ڈی) آئی ڈی (57321 اس گاڑی کا حصہ ہے جس نے 14 جولائی 2023 کو چندریان 3 خلائی جہاز کو 21.3 ڈگری جھکاؤ کے ساتھ 133 کلومیٹر x 35823 کلومیٹر کے مطلوبہ مدار میں کامیابی کے ساتھ قائم کیا تھا۔ اسرو نے کہا کہ راکٹ باڈی کا دوبارہ داخلہ اس کے لانچ کے 124 دنوں کے اندر ہوا۔ اس میں کہا گیا ہے کہ ایل وی ایم 3 ایم 4 کرائیوجینک اپر اسٹیج کا مشن کے بعد کی مداری زندگی انٹر-ایجنسی اسپیس ڈیبرس کوآرڈینیشن کمیٹی کی طرف سے تجویز کردہ ایل ای او اشیا کے لیے 25 سالہ اصول کی مکمل تعمیل میں ہے۔

متھرا مسجد معاملہ: سروے مکمل کرنے کی ہندو فریقین کی عرضی، الہ آباد ہائی کورٹ نے فیصلہ محفوظ رکھا

الہ آباد، 16 نومبر (اے یو ایس) متھرا میں شری کرشن جنم بھومی-شاہی عیدگاہ تنازعہ کیس میں آج (16 اکتوبر) الہ آباد ہائی کورٹ میں ہندو فریقین کی ایک عرضی پر سماعت کی گئی۔ سماعت کے بعد ہائی کورٹ نے شاہی عیدگاہ کمپلیکس کے سروے کا مطالبہ کرنے والی درخواست پر فیصلہ محفوظ رکھ لیا۔ اب کیس سے متعلق تمام 16 مقدمات کی سماعت ایک ساتھ شروع ہوگی۔ ہندو فریقین نے کورٹ کمشنر اور اے ایس آئی کے سروے کا مطالبہ کیا ہے۔ الہ آباد ہائی کورٹ میں ہندو فریق کی جانب سے وشنو شنکر جین خود بھی موجود تھے۔ اسی دوران مسلم فریق کی جانب سے وکیل محمود پراچہ نے دلائل پیش کئے۔ وشنو شنکر جین نے بتایا کہ اس معاملہ میں انہوں نے کورٹ کمشنر کے ذریعہ شاہی عیدگاہ مسجد کے سروے کے لئے درخواست دائر کی تھی۔ جس پر معزز ہائی کورٹ نے فیصلہ محفوظ رکھ لیا ہے۔ خیال رہے کہ ہندو فریقی کی جانب سے یہ دلیل دی گئی تھی کہ مسجد کے نیچے کئی نشانات ہیں جو ہندوؤں کے جذبات سے جڑے ہوئے ہیں۔ تاہم مسجد کی طرف سے اس کی مخالفت کی گئی۔ تمام فریقین کو آئندہ سماعت پر پیش ہونے کا حکم دیا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ متھرا ڈسٹرکٹ کورٹ سے منتقل کی گئی تمام 16 عرضیوں پر ہائی کورٹ براہ راست سماعت کر رہا ہے۔ دائر درخواستوں میں کل چار فریق ہیں، جس میں شاہی عیدگاہ مسجد، یوپی سنی سنٹرل وقف بورڈ، شری کرشنا جنم بھومی سیوا سنگھ اور شری کرشنا جنم بھومی سنگھ شامل ہیں۔ ہندو فریق کی طرف سے دائر درخواستوں میں مبینہ طور پر غیر قانونی طور پر تعمیر کی گئی شاہی عیدگاہ مسجد کو ہٹانے کا مطالبہ کیا گیا ہے، تاکہ ایودھیا کے رام مندر کی طرح متھرا میں بھی ایک عظیم الشان کرشنا مندر بنایا جاسکے۔

منی پور میں پھر تشدد، آسام رائفلز پر حملہ

امپھال، 16 نومبر (اے یو ایس) منی پور میں تشدد کے واقعات تھمنے کا نام نہیں لے رہے ہیں۔ کبھی کوکی اور میتئی طبقہ کے درمیان تصادم کی خبریں سامنے ا?تی ہیں، تو کبھی سیکورٹی اہلکار پر شورش پسندوں کے حملے کی رپورٹس ملتی ہیں۔ ا?ج صبح ایک بار پھر تشدد کا واقعہ تب سامنے آیا جب آسام رائفلز کے جوانوں پر نامعلوم افراد نے حملہ کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پہلے ا?ئی ای ڈی دھماکہ ہوا اور پھر ا?سام رائفلز کے جوانوں پر فائرنگ کی گئی۔ فی الحال سبھی جوان محفوظ بتائے جارہے ہیں، لیکن ٹیکنو پال علاقے میں حالات کشیدہ ہیں۔ سیکورٹی فورسز کو الرٹ کردیا گیا ہے اور واقعہ کے بعد تلاشی مہم چلائی جارہی ہے۔

امریکہ اور چین کے صدور کا ملاقات میں کئی امور پر اتفاق

واشنگٹن، 16 نومبر (اے یو ایس) امریکہ کے صدر جو بائیڈن سے چین کے ہم منصب شی جن پنگ کی ایک برس بعد ملاقات میں دونوں صدور تعلقات میں کشیدگی کو ختم، غیر قانونی نشہ آور ادویات کی روک تھام کے اقدامات اور فوجی روابط دوبارہ قائم کرنے کے لیے عمومی معاہدوں پر متفق ہوئے ہیں۔ بدھ کو دونوں رہنماؤں میں ہونے والی ملاقات میں معاشی مسابقت اور عالمی سلامتی کے لیے خطرات کے حوالے اختلافات برقرار رہے۔ امریکی صدر کے لیے ملاقات میں سب سے ضروری یقین دہانی یہ تھی کہ اگر دونوں رہنماؤں میں کسی کو کسی بات پر تشویش ہو تو ٹیلی فون اٹھائیں اور ایک دوسرے کو کال کریں اور ایک دوسرے کی کال سنیں۔ انہوں نے ملاقات کے بعد نیوز کانفرنس میں کہا کہ یہ ایک اہم پیش رفت ہے۔ دونوں رہنماؤں نے کیلی فورنیا کی ایک دیہی اسٹیٹ میں چار گھنٹے گزارے۔

راجستھان انتخابات، کانگریس متحد ہے اور جیت حاصل کریگی: راہول گاندھی

جے پور، 16 نومبر (اے یو ایس) کانگریس کے سابق سربراہ راہل گاندھی نے جمعرات کو کہا کہ پارٹی راجستھان میں متحد ہے اور اسمبلی انتخابات میں کامیابی حاصل کرے گی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے راہل گاندھی نے کہا کہ ''ہم صرف ایک ساتھ نظر نہیں آرہے ہیں بلکہ ایک ساتھ ہیں، ایک ساتھ رہیں گے اور کانگریس یہاں انتخابات جیتے گی۔'' وزیر اعلیٰ اشوک گہلوت اور ان کے سابق نائب سچن پائلٹ ان کے تبصرے پر مسکرا دئے۔ کانگریس لیڈر کے تبصرے ریگستانی ریاست میں اسمبلی انتخابات سے پہلے اہمیت رکھتے ہیں، جہاں پرانی پارٹی مسلسل دوسری میعاد کے لیے انتخاب لڑ رہی ہے اور گزشتہ دنوں گہلوت اور پائلٹ کے درمیان مبینہ اختلافات کی خبریں شائع کی گئیں۔ کانگریس ریاست میں جارحانہ طور پر انتخابی مہم چلا رہی ہے اور اس نے ریاست کے عوام کو دوبارہ اقتدار میں آنے کی صورت میں 7 ضمانتوں کا اعلان کیا ہے۔ 200 رکنی اسمبلی کے لیے ووٹنگ 25 نومبر کو ہونے والی ہے اور ووٹوں کی گنتی 3 دسمبر کو ہوگی۔

چھتیس گڑھ کے اسمبلی حلقوں میں ووٹنگ کا آخری مرحلہ

رائے پور۔16/نومبر (ایجنسی) چھتیس گڑھ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے میں کل 70 اسمبلی سیٹوں پر ووٹنگ ہوگی۔ ووٹنگ کی تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ ووٹنگ کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس مرحلے میں 70 اسمبلی حلقوں میں کل 958 امیدوار اپنی قسمت آزما رہے ہیں، جن میں سے 827 مرد، 130 خواتین اور ایک کا تعلق تیسری جنس سے ہے۔ جن اہم لوگوں کے علاقوں میں کل ووٹنگ ہوگی۔

مدھیہ پردیش اسمبلی انتخابات پرامن ووٹنگ کے لئے تیاریاں مکمل

بھوپال۔16/نومبر (ایجنسی) مدھیہ پردیش اسمبلی انتخابات کے لیے تمام 230 سیٹوں پر جمعہ 17 نومبر کو ووٹنگ ہوگی۔ اس سے قبل الیکشن کمیشن نے تمام تر تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ ریاست کے تمام 230 حلقوں میں جمعہ 17 نومبر کو ووٹنگ کا دن مقرر ہے۔ ووٹنگ صبح 7 بجے شروع ہوکر شام 6 بجے تک جاری رہے گی۔ حالانکہ نکسل متاثرہ بالاگھاٹ، ڈنڈوری اور منڈلا اضلاع کے متعلقہ نکسل علاقوں میں واقع پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹنگ کا عمل صبح 7 بجے شروع ہوگا اور پر سہ پہر 3 بجے تک مکمل ہوگا۔ کل کی ووٹنگ سے قبل چہارشنبہ کی شام تمام 230 حلقوں میں انتخابی مہم کی آخری تاریخ ختم ہونے کے ساتھ ہی انتخابی شور تھم گیا۔ اس سلسلے میں آج امیدوار اب صرف عوامی رابطہ ہی کرسکیں گے۔

آسٹریلیا ونڈے ورلڈکپ کے فائنل میں، اتوار کو ہندوستان سے مقابلہ

کولکتہ۔16/نومبر (ایجنسی) پلیئر آف دی میاچ ٹراویس ہیڈ کے آل راونڈ مظاہرہ کی مدد سے آسٹریلیا نے ونڈے ورلڈکپ کے دوسرے سیمی فائنل میں جنوبی افریقہ کو 3 وکٹ سے شکست دیکر فائنل مقابلہ میں جگہ بنالی جہاں اس کا اتوار کو ہندوستان سے سامنا ہوگا۔ آسٹریلیا کو جیت کیلئے 213 رنوں کی ضرورت تھی جو اس نے 7 وکٹ کھوکر بنالئے۔ ٹیم کی کامیابی میں اوپنر ٹراویس ہیڈ کا اہم رول رہا جنہوں نے 48 گیندوں میں 9 چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 62 رن بنائے۔ دیگر کھلاڑیوں میں ڈیویڈ وارنر 29 اسٹیو اسمتھ 30 مارنس لبوشین 18 اور جوش انگلس 28 رن بنا کر آٹ ہوئے۔ کپتان پیاٹ کمنس 14 اور مچل اسٹارک 16 رن بنا کر ناٹ آٹ رہے۔ دونوں نے آٹھویں وکٹ کیلئے 22 رن بنائے۔ جنوبی افریقہ کی جانب سے تبریز شمسی اور کوئٹزی نے 2,2 جبکہ ربادا مارکرم اور مہاراج نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ قبل ازیں پہلے بیاٹنگ کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کی ٹیم 49.4 اوورس میں 212 رن بنا کر آٹ ہوگئی۔

لبنانی سرحد سے حزب اللہ کا صہیونی چوکیوں پر حملہ

بیروت۔16/نومبر (ایجنسی) ایجنسی نے المیادین کے حوالے سے کہا ہے کہ لبنان کی مقاومتی تنظیم حزب اللہ نے مقبوضہ فلسطین کے شمال میں اسرائیلی فوجی چوکیوں پر بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جن چوکیوں پر حزب اللہ نے حملہ کیا ہے ان کا نام متولا، البیاض، یفتاح، مسکاف عام اور المرج ہے جہاں صہیونی فوجی ڈیوٹیاں دیتے ہیں۔ لبنانی مقاومتی تنظیم نے ایک بیان میں کہا ہے کہ فلسطین کے مظلوم اور نہتے مسلمانوں کے ساتھ یکجہتی اور اظہار ہمدردی کے لئے صہیونی فورسز پر حملے جاری رکھے جائیں گے۔ آج کے حملے میں صہیونی دشمنوں کو شدید جانی اور مالی نقصان ہوا ہے۔ دراین اثنا صہیونی چینل 12 نے کہا ہے کہ جنوبی لبنان سے مقاومتی تنظیموں نے الخلیل پر تین مارٹر گولے داغے ہیں جس کا صہیونی فورسز نے جواب دیا ہے۔ دوسری جانب صہیونی فوج نے جنوبی لبنان کے مختلف علاقوں پر بھاری توپ خانے سے گولہ باری کی ہے۔ مجیب شہر کے مختلف علاقوں میں صہیونی فورسز کی جانب سے فائر کئے گئے گولے گرنے کی اطلاعات موصول ہورہی ہیں۔

Suraj Bhan
Gems & Jewellers
Yesterday's 22ct Gold Rate
Rs. 55,900/-
For 10 gram Rate
NAMAZ TIMING

Namaz is a Pillar of Islam	ZOHAR	ASAR	MAGHRIB	ISHAA	TOMORROWS FAJAR
STARTS	12:22	4:33	6:26	7:34	5:03

Suraj Bhan
Gems & Jewellers
21-2-82, Gulzar Houz, Hyd.
040-66147553
040-24568628
040-24411553